کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محرم الحرام کے دوران امن وامان کی صورتحال اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی سمیت دیگر انتظامات پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس کو محکمہ داخلہ کی جانب سے محرم الحرام کے دوران قیام امن کے لیے کیے گئے انتظامات اور سیکیورٹی پلان پر جامع بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے ایمرجنسی رسپانس پلان تیار کرلیا گیا ہے جبکہ متعلقہ سیکیورٹی آرڈرز بھی جاری کردیے گئے ہیں صوبے کے 11 اضلاع کو انتہائی حساس جبکہ 6 اضلاع کو حساس قرار دیا گیا ہے جہاں سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جارہے ہیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کا قیام ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور عوام کے جان ومال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے، موثر ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ انداز میں فرائض انجام دیتے ہوئے سیکورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی کے لیے پیشگی اقدامات، موثر نگرانی اور فوری ردعمل کے نظام کو فعال رکھا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا بروقت تدارک کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران باہمی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے تمام مکاتب فکر کے علماء، مشائخ اور اکابرین کا کردار نہایت اہم ہے اور ان کا تعاون قابل قدر ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ امن خراب کرنے، اشتعال انگیزی پھیلانے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو پرامن ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور سیکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، اسپیشل سیکرٹری داخلہ عبدالسلام اچکزئی، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز حسین گورایہ سمیت متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

(بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محرم الحرام کے دوران قیام امن سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

جلد 22 | منگل 23 جون 2026ء، 07 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ 77

# محرم میں عملدرآمد اور اشتعال انگیزی پھیلانے والوں کیخلاف سخت کاروائی کی جائیگی

میر سرفراز بگٹی

محرم الحرام کے دوران امن وامان کی صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران امن وامان برقرار رکھنے کے لیے باقاعدہ ایمرجنسی رسپانس پلان تیار کر کے متعلقہ اضلاع کو سکیورٹی آرڈرز جاری کر دیے گئے

کوئٹہ (پی این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ داخلہ کی جانب سے محرم الحرام کے دوران صوبے بھر میں قیام امن اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران امن و امان برقرار رکھنے کے لیے باقاعدہ ایمرجنسی رسپانس پلان تیار کر کے متعلقہ اضلاع کو سکیورٹی آرڈرز جاری کر دیے گئے ہیں جبکہ صوبے کے 6 اضلاع کو حساس اور 11 اضلاع کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ محرم الحرام میں امن و امان کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا کیونکہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کے ذریعے سکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور جلوسوں و مجالس کی سکیورٹی کے لیے مؤثر اقدامات کے ساتھ ساتھ مسلسل نگرانی کا عمل بھی جاری رکھا جائے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں باہمی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے تمام مکاتب فکر کے علماء کا تعاون قابل قدر ہے۔ انہوں نے سکیورٹی اداروں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ امن خراب کرنے اور اشتعال انگیزی پھیلانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محرم الحرام کے دوران عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنے کے لیے حکومت اپنے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔

انتظامات کے جائزے میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کا قیام ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کو مزید بہتر بنائیں اور مؤثر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران باہمی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے تمام مکاتب فکر کے علماء، مشائخ اور دیگر اہم شخصیات کا تعاون قابل قدر ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ امن خراب کرنے اور اشتعال انگیزی پھیلانے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو پرامن ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور سکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کوئٹہ میں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی سمیت دیگر انتظامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کو محکمہ داخلہ کی جانب سے محرم الحرام کے دوران قیام امن کے لیے کیے گئے انتظامات اور سکیورٹی پلان پر جامع بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے ایمرجنسی رسپانس پلان تیار کر لیا گیا ہے جبکہ متعلقہ سکیورٹی آرڈرز بھی جاری کر دیے گئے ہیں۔ صوبے کے 11 اضلاع کو انتہائی حساس جبکہ 6 اضلاع کو حساس قرار دیا گیا ہے جہاں سکیورٹی کے خصوصی



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محرم الحرام کے دوران قیام امن سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ڈپٹی سیکرٹری ... سے ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

Page No. 11

جلد 29 | سنگل 23 جون 2026ء | 7 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 15 روپے | FaX:2839867 Ph :2839851 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ڈی سی پی-10 | شمارہ 119


# محرم میں امن خراب اور اشتعال انگیزی پھیلانے والوں کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی

## سرفراز بگٹی

محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہرصورت یقینی بنایا جائے گا، عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، تمام متعلقہ ادارے سیکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس پیر کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی سمیت دیگر انتظامات پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس کو محکمہ داخلہ کی جانب سے محرم الحرام کے دوران قیام امن کے لیے کیے گئے انتظامات اور سیکیورٹی پلان پر جامع بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ 9 اور 10 محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے ایمرجنسی رسپانس پلان تیار کر لیا گیا ہے جبکہ متعلقہ سیکیورٹی آرڈرز بھی جاری کر دیے گئے ہیں صوبے کے 11 اضلاع کو انتہائی حساس جبکہ 6 اضلاع کو حساس قرار دیا گیا ہے جہاں سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے، مؤثر ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ انداز میں فرائض انجام دیتے ہوئے سیکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی کے لیے پیشگی اقدامات، مؤثر نگرانی اور فوری ردعمل کے نظام کو فعال رکھا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کا بروقت تدارک کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران باہمی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے تمام مکاتب فکر کے علماء، مشائخ اور اکابرین کا کردار نہایت اہم ہے اور ان کا تعاون قابل قدر ہے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ امن خراب کرنے، اشتعال انگیزی پھیلانے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو پرامن ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور سیکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ عبدالسلام اچکزئی، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز حسین گورایہ سمیت متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

## آئندہ مالی سال سے بی ایس سی اے تمام مالی و انتظامی امور میں خودمختار ہوگا، بھرتیوں کے عمل کو مکمل طور پر شفاف رکھا جائے، دہشتگردی کے خاتمے اور جرائم کی روک تھام کے لیے اتھارٹی موثر میکنزم بنائے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا پہلا اجلاس یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، اے سی ایس داخلہ، اے سی ایس منصوبہ بندی و ترقیات سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری آئی ٹی اور ڈی جی (بی ایس سی اے) سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان سیف سٹیز منصوبے سے متعلق بریفنگ دی گئی اس موقع پر بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی سے متعلق اہم ایجنڈا فیصلوں پر منظوری بھی دی گئی اجلاس کو بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کی اب تک کی مجموعی کارکردگی، آئندہ کے لائحہ عمل اور جدید کیمروں اور مصنوعی ذہانت کو استعمال میں لاتے ہوئے نگرانی اور سرویلنس کے عمل کو مزید موثر بنانے سے متعلق بھی بریف کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ مالی سال سے بی ایس سی اے تمام مالی و انتظامی امور میں خودمختار ہوگا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ اتھارٹی میں بھرتیوں کے عمل کو مکمل طور شفاف رکھا جائے ایسی افرادی قوت کی بھرتی عمل میں لائی جائے جو مکمل میرٹ پر ہو انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور جرائم کی روک تھام کے لیے اتھارٹی موثر میکنزم بنائے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ روابط کو اس حوالے مزید مربوط کیا جائے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

Bullet No. 1

Page No. 12

23 JUN 2026


# ماہ رنگ لانگو اور ساتھیوں کو سزا سے حکومتی موقف درست ثابت ہوا، وزیراعلیٰ

## دو سالہ قانونی جدوجہد کے بعد بالآخر بلوچستان کے فرزند، شہید شبیر بلوچ کو انصاف مل گیا، میر سرفراز بگٹی

## گوادر میں دوران ڈیوٹی بی وائے سی کے مشتعل مظاہرین نے ماہ رنگ لانگو کی قیادت میں شہید شبیر بلوچ پر سنگ باری کی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دو سالہ قانونی جدوجہد کے بعد بالآخر بلوچستان کے فرزند، شہید شبیر بلوچ، کو انصاف مل گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سماجی رابطے کی سائٹ "ایکس" پر اپنے ایک بیان میں کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گوادر میں دوران ڈیوٹی بی وائے سی کے مشتعل مظاہرین نے ماہ رنگ لانگو کی قیادت میں شہید شبیر بلوچ پر سنگ باری کی جس کے نتیجے میں وہ شہید ہو گئے آج عدالت کی جانب سے ماہ رنگ لانگو اور ان کے ساتھیوں کو سزا سنائے جانے کے بعد حکومت بلوچستان کا یہ موقف درست ثابت ہوا ہے کہ پر امن احتجاج کی آڑ میں قانون کو ہاتھ میں لینے، تشدد کو فروغ دینے اور ریاستی اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے عناصر درحقیقت دہشت گردی کے سہولت کار ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہید شبیر بلوچ کے قاتلوں کو سزا ملنے پر ان کے اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور انہیں یقین دلاتی ہے کہ شہید کے خون کو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں، ان کے ہمدردوں، سہولت کاروں اور معاون عناصر کے خلاف ریاستی کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محرم الحرام کے دوران قیام امن سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 1

Dated: 23 JUN 2026 Page No. 14


## تمام علاقوں میں بلاامتیاز ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، علی مدد جتک

بنیادی سہولیات کی فراہمی پاکستان پیپلز پارٹی کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیر کی گفتگو


MASHRIQ QUETTA


## عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، نسیم الرحمن ملاخیل

پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے فیصلے سے ٹرانسپورٹ، زراعت اور کاروباری شعبے کو واضح فائدہ پہنچے گا

حکومت ملک کو معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے پرعزم ہے، صوبائی مشیر ماہی کی گفتگو

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر

## طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں، سردار کھیتران

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر


MASHRIQ QUETTA


## آج مخالفین بھی ہمارے ترقیاتی منصوبوں کا اعتراف کر رہے ہیں، سلیم کھوسہ

عوامی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی کام کریں گے، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

مخلوط حکومت میں شامل تمام جماعتیں ایک پیج پر ہیں، میڈیا سے گفتگو

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر

## عوام کی بے لوث خدمت پیپلز پارٹی کا وژن ہے، فیصل جمالی

حکومت مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

سندھ سے بلوچستان کے حصے کا پانی ہر صورت حاصل کر کے رہیں گے، مشرق سے گفتگو

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 2

Dated 23 JUN 2026 Page No. 15


## سیلاب فنڈز ہاؤسنگ یونٹس کی بجائے اجتماعی منصوبوں پر خرچ کئے جائیں

حکومت بلوچستان کی پلاننگ کمیشن کو تجویز

متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی موثر بحالی کو یقینی بنایا جا سکے گا، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کا اجلاس میں موقف، تجویز کو متعلقہ ڈونر ایجنسی کے سامنے پیش کیا جائیگا، پلاننگ کمیشن

کوئٹہ/اسلام آباد (ن ن) حکومت بلوچستان نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی اور عوامی فلاح کو مدنظر رکھتے ہوئے پلاننگ کمیشن آف پاکستان کو تجویز پیش کی ہے کہ بلوچستان کے سیلاب زدہ اضلاع کے لیے مختص باقی ماندہ دستیاب وسائل کو انفرادی ہاؤسنگ یونٹس کے بجائے کمیونٹی انفراسٹرکچر کے اجتماعی منصوبوں پر خرچ کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ آبادی اس سے مستفید ہو سکے اور سیلاب سے متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی موثر بحالی کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ تجویز گزشتہ روز اسلام آباد میں منعقد ہونے والے IFRAP کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے گیارہویں اجلاس میں پیش کی گئی، جس کی صدارت وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کی۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ویڈیو لنک کے ذریعے اپنی ٹیم کے ہمراہ شریک ہوئے۔ اجلاس کو بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں گھروں کی تعمیر اور بحالی کے منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر بلوچستان حکومت کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ منصوبے کے لیے مختص دستیاب وسائل کو انفرادی تعمیرات تک محدود رکھنے کے بجائے کمیونٹی انفراسٹرکچر بشمول سڑکوں، آبنوشی، فراہمی آب، تعلیمی و صحت کی سہولیات اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں پر صرف کیا جائے تاکہ وسیع پیمانے پر متاثرہ آبادی کو براہ راست فائدہ پہنچ سکے۔ اجلاس میں حکومت بلوچستان کی تجویز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ پلاننگ کمیشن نے تجویز سے اصولی اتفاق کرتے ہوئے فیصلہ کیا کہ اسے متعلقہ ڈونر ایجنسی کے سامنے پیش کیا جائے گا تاکہ وسائل کے موثر اور عوامی مفاد پر مبنی استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس کے دوران IFRAP منصوبے کی مالی اور فزیکل پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا اور منصوبے کے مختلف اجزاء، عملدرآمد کی رفتار، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کے عمل کو تیز کرتے ہوئے دستیاب وسائل کو زیادہ سے زیادہ عوامی فائدے کے لیے استعمال میں لایا جائے۔

## حکومت بلوچستان نے کفایت شعاری اقدامات ختم کرنیکا اعلان کردیا

لیول کنزرویشن اور اضافی اقدامات شامل، مارکیٹیں 9 بجے بند کرنے کے احکامات برقرار رہیں گے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے پیٹرولیم مصنوعات کی بچت کے لیے نافذ کیے گئے کفایت شعاری اقدامات کو فوری طور پر ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ایس اینڈ جی اے ڈی) کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت بلوچستان نے 10 جون 2026 سے نافذ تمام لیول کنزرویشن اور اضافی کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر ختم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ تاہم 3 جون 2026 کو جاری کردہ کے تحت مقرر کردہ مارکیٹیں 9 بجے بند کرنے کے اوقات کار برقرار رہیں گے۔

## بلوچستان حکومت نے عاشورہ کے موقع پر دو تعطیلات کا اعلان کردیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے عاشورہ کے موقع پر دو عام تعطیلات کا اعلان کر دیا۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق بلوچستان میں عاشورہ کی مناسبت سے 25 اور 26 جون، جمعرات اور جمعہ کو عام تعطیل ہوگی۔ عام تعطیل کا اطلاق صوبے میں پانچ اور چھ روزہ کام کرنے والے دفاتر پر بھی ہوگا۔

## فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے، آئی جی پولیس بلوچستان

کسی کو بھی امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، امام بارگاہ کلاں و ناصر العزا کے دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آئی جی پولیس بلوچستان طاہر خان نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف اقدامات کئے گئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی آئی جی عمران شوکت کا امام بارگاہ کلاں و ناصر العزا کا دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر بلوچستان شیعہ کانفرنس کے رہنما کے صدر، جنرل سیکرٹری اور سیکورٹی انچارج بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران پولیس حکام کو مجالس، جلوسوں کے روٹس، داخلی و خارجی راستوں، سی سی ٹی وی کیمروں، واک تھرو گیٹس اور چیک پوسٹوں کے انتظامات پر بریفنگ دی گئی۔ صدر اور جنرل سیکرٹری بلوچستان شیعہ کانفرنس نے انتظامیہ کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا جبکہ سیکورٹی انچارج نے عزاداروں کے لیے کیے گئے حفاظتی اقدامات سے متعلق آگاہ کیا۔ آئی جی پولیس طاہر خان نے کہا کہ باہمی ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے تمام مکاتب فکر کے اکابرین کا تعاون قابل قدر ہے۔ جلوس کے راستوں پر سخت چیکنگ، پولیس کی تعیناتی، باوردی و سادہ لباس اہلکاروں کی ڈیوٹی اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

## بلوچستان کی ترقی اور استحکام قومی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، سیدال خان

مسائل کے حل اور امن و خوشحالی کے لیے مشترکہ جدوجہد کی جائیگی، ثناء بلوچ کی ملاقات

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ثناء اللہ بلوچ نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی صورتحال، ترقیاتی ترجیحات، عوامی فلاح و بہبود، سماجی و اقتصادی ترقی اور سیاسی استحکام سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے بلوچستان کو درپیش چیلنجز، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ سیدال خان نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور استحکام قومی ترقی کے لیے ناگزیر ہے، جبکہ ثناء اللہ بلوچ نے صوبے کے مسائل کو پارلیمانی فورمز پر اجاگر کرنے کی کاوشوں کو سراہا۔ ملاقات میں جمہوری اقدار، قومی یکجہتی اور مساوی ترقی کے فروغ کے ذریعے بلوچستان کے مسائل حل کرنے اور امن و خوشحالی کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 JUN 2026

Page No. 16

# گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی فعالیت وقت کی اہم ضرورت، نورالحق بلوچ

**دبئی میں گوادر پورٹ سے سلام ایئر لائن کے اسٹیشن منیجر کی ملاقات، فضائی روٹس و دیگر امور پر تبادلہ خیال**

گوادر (این این آئی) دبئی میں گوادر پورٹ (نورالحق بلوچ) سے سلام ایئر لائن گوادر کے اسٹیشن منیجر محمد سلیم نے ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر سمیت مکران ڈویژن میں سلام ایئر لائن کی فضائی روٹس کے آغاز، سیاحت کے فروغ اور باہمی تعاون کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گوادر پورٹ اتھارٹی اور سلام ایئر لائن کے درمیان سیاحت کے شعبے میں تعاون بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر

بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر نورالحق بلوچ نے سلام ایئر لائن کی دلچسپی کو سراہتے ہوئے کہا کہ […] گوادر پورٹ کی […] میں […] سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے […] انہوں نے اس حوالے سے سلام ایئر لائن کی […] ملاقات پر بھی […] ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی فعالیت اور خطے میں بڑھتی ہوئی تجارتی و سیاحتی سرگرمیوں کے پیش نظر فضائی راستوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سلام ایئر لائن کی روٹس کے آغاز سے گوادر سمیت مکران کے دیگر علاقوں کے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی جبکہ تجارت اور کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ اس موقع پر سلام ایئر لائن کے اسٹیشن منیجر محمد سلیم نے کہا کہ مکران کے عوام کو محفوظ، معیاری اور قابل اعتماد فضائی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سلام ایئر لائن گوادر سمیت مکران کے مختلف شہروں کو بھی فضائی نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے اور روٹس کے آغاز کے لیے جلد عملی اقدامات کیے جائیں گے۔

# خضدار میں پیش آیا واقعہ، ڈی آئی جی قلات رینج کی متاثرین سے ملاقات

**ملوث ملزم کے خلاف کارروائی کی جائیگی، متاثرہ خاندان کیساتھ مکمل تعاون کیا جائے، وزیر خان ناصر**

خضدار (بیورو رپورٹ) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس قلات رینج وزیر خان ناصر نے گزشتہ روز خضدار میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی متاثرہ خواتین اور بچوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے متاثرین کے مسائل اور شکایات سنیں اور یقین دلایا کہ انصاف کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا بقیہ نمبر 71 صفحہ 5 پر

جائے گا اور واقعے میں ملوث ملزم کے خلاف قانون کے مطابق فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دورے کے مطابق ڈی آئی جی وزیر خان ناصر نے واقعے کی مکمل تفصیلات حاصل کرنے کے بعد ایس ایس پی […] اور ایس ایچ او […] کو دفتر طلب کرکے تفصیلی بریفنگ لی۔ خواتین و بچوں کے معاملے کو خصوصی اہمیت دیتے ہوئے انہوں نے فوری قانونی کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے واقعے میں زخمی بچے کے لیے فوری اور بہتر طبی علاج کی ہدایت بھی کی۔ متعلقہ پولیس افسران کو حکم دیا کہ متاثرہ خاندان کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے اور تمام قانونی تقاضے جلد مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین اور بچوں پر تشدد یا کسی بھی قسم کی زیادتی ناقابل برداشت ہے، ایسے واقعات میں ملوث افراد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 JUN 2026 Page No. 7


# بلوچستان کے مسائل کا واحد حل مذاکرات ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کے باعث نوجوانوں کا جمہوریت پر اعتماد کمزور پڑ رہا ہے' صوبائی امیر جماعت اسلامی

وقت کا تقاضا ہے فریقین سنجیدگی کے ساتھ مذاکرات، جرگوں اور سیاسی عمل کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کریں' ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل تشدد، طاقت کے استعمال اور جبر میں نہیں بلکہ جرگوں، مذاکرات، مکالمے اور آئین و قانون کے دائرے میں باہمی افہام و تفہیم سے ممکن ہے۔ انہوں نے یہ بات کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات اور گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ آج بلوچستان میں......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

خوف، بے یقینی، بدامنی، لاقانونیت اور عوامی محرومیوں نے سنگین صورتحال اختیار کر لی ہے۔ گزشتہ کئی برسوں سے اختیار کی جانے والی غلط پالیسیوں، طاقت کے بے جا استعمال اور عوامی مسائل سے چشم پوشی کے باعث نوجوانوں کا سیاست، جمہوریت پر سے اعتماد اٹھ چکا، جو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کیلئے نقصان دہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام متعلقہ فریقین سنجیدگی کے ساتھ مذاکرات، جرگوں اور سیاسی عمل کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کریں تاکہ امن، استحکام اور ترقی کی راہ ہموار ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے پورے بلوچستان میں ممبر سازی اور دعوتی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔

# امن و امان کی صورتحال تشویشناک، بلوچستان نازک موڑ پر کھڑا ہے، مولانا عبدالواسع

صوبے کے مسائل سنجیدگی سے حل کرنے کی بجائے انہیں مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے' صوبائی امیر جمعیت

جب اقتدار کو محض بندر بانٹ کا ذریعہ بنایا جائے تو اس کے نتائج خطرناک ثابت ہوتے ہیں' آغا محمود شاہ

جمعیت نے ہمیشہ بلوچستان میں آئین، جمہوریت، پارلیمان اور سیاسی عمل کی بالادستی کیلئے کردار ادا کیا' مشترکہ بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے مشترکہ صوبائی پریس ریلیز میں بلوچستان کی مخدوش امن و امان کی صورتحال، سیاسی بے یقینی، معاشی تباہ حالی اور عوامی محرومیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان آج ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑا ہے جہاں عوام خود کو بے یار و مددگار، غیر محفوظ اور سیاسی طور پر تنہا......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

محسوس کر رہے ہیں۔ بدقسمتی سے صوبے کے بنیادی سیاسی، معاشی اور قومی مسائل سنجیدگی سے حل کرنے کی بجائے انہیں مسلسل نظرانداز کیا گیا، جس کے نتیجے میں بدامنی، اضطراب، بے روزگاری اور احساس محرومی خطرناک حد تک بڑھ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں مینڈیٹ کی بدترین پامالی، عوامی رائے کی توہین، اور حقیقی نمائندوں کو ایوانوں سے باہر رکھنے کے باعث ان طاقتوں کے بیانیے کو تقویت ملی جو برسوں سے یہ کہتے آ رہے تھے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل جمہوری اداروں اور پارلیمان میں موجود نہیں۔

# کسٹم ویئر ہاؤسز میں آتشزدگی بدعنوانی کی بدترین مثال ہے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ و ڈی آئی خان کسٹم ویئر ہاؤسز کے واقعات کی شفاف تحقیقات ہوئی' ذمہ داران کو سزا ملی نہ ہی عوام کو حقائق سے آگاہ کیا گیا

قانون کی آڑ میں اختیارات کا ناجائز استعمال کیا جا رہا ہے' حکومت سب کچھ جانتی لیکن پھر بھی خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے' بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ لکپاس اس طرح ڈیرہ اسماعیل خان میں کسٹم حکام کی تحویل میں موجود مال کی آتشزدگی کا واقعہ سراسر مشکوک اور بدعنوانی کی بدترین مثال ہے۔ عوام اور تاجر برادری یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ آخر ایسا کیسے ممکن ہے کہ اربوں روپے مالیت کا مال سرکاری قبضے میں موجود سامان اور گاڑیوں میں آگ بھڑکنے سے گھنٹوں کے......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

اندر سب کچھ راکھ کا ڈھیر بن جاتا ہے اور واقعہ کی آڑ میں حقائق کو چھپانے اور ممکنہ مال بے ضابطگیوں کے تمام نشانات ختم ہو جاتے ہیں ڈیرہ اسماعیل خان کا واقعہ کوئٹہ کے لکپاس میں پیش آنے والے واقعے کی نوعیت یکساں ہیں۔ جہاں مال کی آتشزدگی کے بعد نہ کوئی شفاف تحقیقات ہوئیں نہ کسی ذمہ دار کو سزا ملی اور نہ ہی عوام کو اصل حقائق سے آگاہ کیا گیا ڈیرہ اسماعیل خان کے واقعہ کو بھی کوئٹہ کی طرح گم نام کیا جائے گا' بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کسٹم، ایکسائز اور دیگر متعلقہ فورسز کی جانب سے مختلف شاہراہوں پر قائم غیر قانونی چیک پوسٹوں پر عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو ہراساں کرنا، گاڑیوں اور ٹرکوں کو بلاجواز روکنا، تلاشی کے نام پر سامان کو نقصان پہنچانا، گاڑیوں سے ڈیزل اتارنا اور مبینہ طور پر بھتہ خوری کی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ ماہی خواہ سمیت مختلف مقامات پر ٹرکوں، مسافر گاڑیوں اور تجارتی سامان بردار گاڑیوں کو گھنٹوں روکا جاتا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 JUN 2026 Page No. 19

# تربت: انسداد دہشت گردی عدالت سے کالعدم تنظیموں کے سہولت کار کو سزا

## مجموعی طور پر 21 سال 5 ماہ قید کی سزا سنا دی گئی، جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں اضافی سزا مقرر

تربت (نامہ نگار) انسداد دہشت گردی عدالت تربت نے کالعدم تنظیموں کے مبینہ سہولت کار ساجد احمد کو مختلف مقدمات میں جرم ثابت ہونے پر مجموعی طور پر 21 سال 5 ماہ قید کی سزا سنا دی ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق ملزم ساجد احمد کو انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت 14 سال قید کی سزا سنائی گئی، جبکہ بلوچستان آرمز ایکٹ کے تحت بھی قصوروار قرار دیتے ہوئے مزید 7 سال قید اور جرمانے کی سزا عائد کی گئی۔ عدالت نے جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں اضافی سزا بھی مقرر کی ہے، جس کے بعد مجموعی سزا 21 سال 5 ماہ بنتی ہے۔ استغاثہ کے مطابق ساجد احمد کو 30 نومبر 2025 کو ضلع [illegible] میں اس وقت گرفتار کیا گیا تھا جب وہ مبینہ طور پر اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کی ترسیل میں ملوث تھا۔ سیکیورٹی اداروں نے کارروائی کے دوران اس کے قبضے سے بیرونی ساخت کا جدید اسلحہ اور بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔ تحقیقات کے دوران استغاثہ نے موقف اختیار کیا کہ ملزم کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) سے وابستہ عناصر کا سہولت کار تھا اور مختلف سرگرمیوں میں معاونت فراہم کرتا رہا۔ مزید بتایا گیا کہ ملزم پر نوجوانوں اور طلبہ کو کالعدم تنظیموں کی جانب راغب کرنے اور ان کی بھرتی کے لیے اکسانے کے الزامات بھی عائد تھے۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق تحقیقات میں ملزم کے مبینہ طور پر بھارتی سرپرستی میں چلنے والے نیٹ ورکس سے روابط بھی سامنے آئے، جبکہ اسے خودکش حملے کے لیے استعمال ہونے والی گاڑی تیار کرنے کا ٹاسک دیے جانے کا بھی انکشاف ہوا۔ عدالت نے مقدمے میں پیش کیے گئے شواہد، گواہوں کے بیانات اور ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد ملزم کو قصوروار قرار دیتے ہوئے سزا سنائی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 23 JUN 2026 Page No. 20

## پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کے باوجود کرایوں میں کمی نہ ہو سکی

**متعلقہ حکام نوٹس لے کر ٹرانسپورٹرز کو کرایوں میں کمی کرنے کا پابند کریں**

کوئٹہ (اے پی پی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں واضح کمی ہونے کے باوجود ٹرانسپورٹروں نے کرایوں میں کمی نہیں کی اور من مانے کرائے وصول کرنے کا سلسلہ جاری ہے جس سے عوام کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے حکام سے نوٹس لینے اور ٹرانسپورٹرز کو کرایوں میں کمی کرنے کا پابند کرنے کا مطالبہ کیا ہے کہ روزمرہ اشیاء کی قیمتوں میں واضح کمی کی جائے بصورت دیگر وہ احتجاج کریں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## نال اسسٹنٹ کمشنر تعینات نہ ہونے سے عوام کو مشکلات کا سامنا

**اے سی کی عدم موجودگی کے باعث عوام کو دفتری امور کے علاوہ روزمرہ مسائل کے حل میں بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے، عوامی حلقے**

نال (آن لائن) نال میں اے سی نہ ہونے کی وجہ سے عوام کو مشکلات کا سامنا۔ نال میں اے سی (اسسٹنٹ کمشنر) کی عدم موجودگی کے باعث عوام کو دفتری امور کے علاوہ روزمرہ مسائل کے حل میں بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مختلف سرکاری معاملات، شکایات کے اندراج، عوامی مسائل کے فوری حل اور انتظامی امور میں لوگوں کو بار بار دوسرے علاقوں کا رخ کرنا پڑتا ہے جس سے وقت اور پیسے دونوں کا ضیاع ہوتا ہے۔ نال جیسے بڑے اور اہم علاقے میں مستقل اے سی کی تعیناتی وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ لوگوں کے مسائل مقامی سطح پر حل ہو سکیں۔ اے سی کی موجودگی سے انتظامی معاملات میں بہتری آنے کی، سرکاری اداروں کی کارکردگی مزید مؤثر ہوگی اور عوام کو بہتر سہولیات میسر آ سکیں گی۔ عوام نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ نال میں جلد از جلد مستقل اے سی تعینات کیا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو اور سرکاری امور بروقت انجام پا سکیں۔

نے فوری عہدہ چھوڑنے کا اعلان کیا ہے۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق کیئر اسٹارمر سے مستعفی ہونے کا مطالبہ رواں برس مئی میں برطانیہ میں ہونے والے مقامی کونسلوں کے انتخابات کے نتائج کے بعد زور پکڑ

## کوہلو کی تحصیل ماوند میں رورل ہیلتھ سینٹر کی تعمیر کئی سال گزر جانے کے باوجود مکمل نہ ہو سکی

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو کی تحصیل ماوند میں واقع رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) کی تعمیر کئی سال گزر جانے کے باوجود تاحال مکمل نہ ہو سکی، جس کے باعث علاقے کے عوام اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق سبی سے کوہلو تک تقریباً 250 کلومیٹر کے طویل راستے میں ماوند کا یہ واحد آر ایچ سی ہے، تاہم منصوبے کی عدم تکمیل کے باعث ماوند اور گردونواح کے رہائشی بنیادی طبی سہولیات سے محروم ہیں۔ مریضوں کو علاج و معالجے کے لیے دور دراز علاقوں کا رخ کرنا پڑتا ہے، جس سے انہیں مالی اور سفری مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے منصوبے میں غیر معمولی تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ دار افسران اور متعلقہ ٹھیکیدار کے کردار کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عوامی مفاد کے اس اہم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر ناقابل قبول ہے اور اس کے ذمہ دار عناصر کا تعین کیا جانا چاہیے۔ علاقہ مکینوں نے ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دمڑ اور کمانڈنٹ ماوند رائفلز بریگیڈ سے اپیل کی ہے

## پنجگور، اکثر مالیاتی اداروں کی اے ٹی ایمز غیر فعال

**کھاتے داروں کو مشکلات کا سامنا، اسٹیٹ بینک حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

پنجگور (نمائندہ انتخاب) پنجگور کے اکثر بینکوں کی اے ٹی ایم مشین بند ہونے سے کھاتہ داروں اور عام شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے خصوصاً شام کے وقت لوگ ایمرجنسی کی صورت میں رقم کے حصول کیلئے اے ٹی ایم مشینوں کا رخ کرتے ہیں مگر وہاں اے ٹی ایم یا تو بند ہیں یا لنک ڈاؤن یا آؤٹ آف سروس ہوتی ہیں عوامی حلقوں نے اسٹیٹ بینک حکام سے صورتحال کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated 2 3 JUN 2026 Page No. 21


## بلوچستان کا 1089 ارب روپے کا بجٹ۔۔۔اعداد و شمار سے آگے۔۔۔عملدرآمد کا امتحان

بلوچستان اسمبلی کی جانب سے مالی سال 2026-27 کے لیے 1089 ارب روپے سے زائد حجم کے بجٹ کی منظوری صوبے کی سیاسی، انتظامی اور ترقیاتی سمت کے تعین میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ کثرت رائے سے منظور ہونے والا یہ بجٹ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بلوچستان کو بیک وقت امن و امان، بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت، روزگار اور گورننس جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔ بجٹ کی منظوری کے دوران اپوزیشن کی جانب سے کسی مطالبہ زر پر کٹوتی کی تحریک پیش نہ ہونا اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ کم از کم مالیاتی امور پر سیاسی اتفاق رائے کی ایک فضا موجود ہے، جو جمہوری عمل کے لیے مثبت علامت بھی جا سکتی ہے۔ بجٹ کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ غیر ترقیاتی اخراجات کے لیے تقریباً 798 ارب روپے جبکہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے 291 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اگرچہ ترقیاتی بجٹ کا حجم قابل ذکر ہے، تاہم یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ کیا ترقیاتی اخراجات کا یہ تناسب صوبے کی حقیقی ضروریات کے مطابق ہے؟ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جہاں انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت، مواصلات اور پینے کے صاف پانی کی سہولیات اب بھی بہت سے علاقوں میں ناکافی ہیں۔ ایسے میں ترقیاتی بجٹ کا مؤثر اور شفاف استعمال ہی اس کی اصل کامیابی کا پیمانہ ہوگا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب میں تعلیم کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کا دعویٰ کرتے ہوئے 15 ہزار اسکولوں کی بحالی، 14 ہزار اساتذہ کی بھرتی اور سات لاکھ سے زائد طلبہ کے داخلوں کا ذکر کیا۔ اگر یہ اعداد و شمار زمینی حقائق سے مطابقت رکھتے ہیں تو یہ یقیناً ایک بڑی کامیابی ہے۔ بلوچستان میں تعلیمی پسماندگی طویل عرصے سے ترقی کی راہ میں رکاوٹ رہی ہے۔ تاہم اصل چیلنج صرف اسکول کھولنا نہیں بلکہ معیاری تعلیم، اساتذہ کی مستقل دستیابی اور طلبہ کی حاضری کو یقینی بنانا ہے۔ یہی عوامل تعلیمی اصلاحات کے حقیقی نتائج کا تعین کریں گے۔ صحت کے شعبے میں طبی عملے کی بھرتی، ادویات کی دستیابی میں اضافہ اور ٹیلی میڈیسن کی سہولت کا اعلان بھی حوصلہ افزا ہے۔ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات تک رسائی ایک دیرینہ مسئلہ رہی ہے۔ اگر 600 سے زائد بنیادی مراکز صحت کو جدید ٹیلی میڈیسن نظام سے جوڑا جاتا ہے تو اس سے لاکھوں افراد کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ تاہم ماضی کے تجربات یہ بتاتے ہیں کہ منصوبوں کے اعلانات سے زیادہ اہم ان پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد ہوتا ہے۔ حکومت کی جانب سے مصنوعی ذہانت (AI) کے ذریعے بھرتیوں اور امتحانی نظام میں شفافیت لانے کا اعلان بھی ایک جدید اور مثبت سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان میں سرکاری ملازمتوں اور امتحانی نظام کے حوالے سے شفافیت پر اکثر سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ اگر بلوچستان اس میدان میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال میں کامیاب ہوتا ہے تو یہ دوسرے صوبوں کے لیے بھی ایک مثال بن سکتا ہے۔ امن و امان کے حوالے سے وزیر اعلیٰ کا موقف واضح تھا کہ آئین کے دائرے میں رہ کر بات چیت کے دروازے کھلے ہیں، لیکن ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں سے مذاکرات نہیں کیے جا سکتے۔ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا براہ راست تعلق امن سے ہے۔ دہشت گردی اور بدامنی نے نہ صرف انسانی جانوں کا نقصان کیا بلکہ سرمایہ کاری، تعلیم اور معاشی سرگرمیوں کو بھی شدید متاثر کیا۔ اس لیے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور انسداد دہشت گردی کے اداروں کے لیے مراعات میں اضافہ ایک اہم قدم ہے، تاہم اس کے ساتھ سیاسی مفاہمت، سماجی انصاف اور نوجوانوں کو مثبت مواقع فراہم کرنا بھی ضروری ہوگا۔ وزیر اعلیٰ کی جانب سے "پیپلز ٹرین"، فائبر آپٹک نیٹ ورک کی توسیع، یونین کونسل دفاتر کی تعمیر اور واٹر فلٹریشن پلانٹس کے قیام جیسے منصوبے عوامی فلاح کے تناظر میں اہمیت رکھتے ہیں۔ خاص طور پر ڈیجیٹل رابطوں کا فروغ بلوچستان کو قومی اور عالمی معیشت سے جوڑنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ تاہم ان منصوبوں کی کامیابی کا انحصار ان کی بروقت تکمیل، شفاف نگرانی اور عوامی ضرورتوں کے مطابق ترجیحات کے تعین پر ہوگا۔ مجموعی طور پر بلوچستان کا مالی سال 2026-27 کا بجٹ امید افزا اعلانات، ترقیاتی عزائم اور گورننس میں بہتری کے دعوؤں پر مشتمل ہے۔ تاہم عوام کی اصل توقع بجٹ دستاویزات میں درج اعداد و شمار سے نہیں بلکہ ان وعدوں کے عملی نتائج سے وابستہ ہے۔ اگر حکومت تعلیم، صحت، روزگار، امن و امان اور بنیادی سہولیات کے شعبوں میں حقیقی تبدیلی لانے میں کامیاب ہوتی ہے تو یہ بجٹ بلوچستان کی ترقی کی سمت میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ بصورت دیگر یہ بھی ماضی کے متعدد بجٹوں کی طرح محض اعداد و شمار اور اعلانات تک محدود رہ جائے گا۔ بلوچستان کے عوام اب وعدوں سے زیادہ نتائج کے منتظر ہیں، اور یہی اس بجٹ کا اصل امتحان ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7

Dated: 22 JUN 2026 Page No. 23

# Balochistan's development unstoppable: Bugti

## Offers disgruntled groups opportunity for talks, rejects any negotiations with anti-state elements



CM Bugti speaks at the provincial assembly budget session.—INP

QUETTA: While maintaining that Balochistan has embarked on an unstoppable journey of development and good governance, Chief Minister Sarfraz Bugti once again offered disgruntled Baloch leaders an opportunity for talks, provided they operate within the constitutional framework, but ruled out any negotiations with terrorist groups.

He expressed these views while concluding debate on the provincial budget on the floor of the Balochistan Assembly on Sunday. CM Bugti said any political force accepting the constitution and laws would find the government ready for dialogue. The government had adopted a dual strategy against terrorism: continuing strong operations against militants while improving public service delivery

On education, he said 15,000 of 15,370 schools were operational, while the remaining 370 were built at unsuitable locations. He said the government recruited 14,000 teachers, reopened more than 3,200 schools and enrolled 720,000 children.

In the health sector, the CM said, more than 2,800 healthcare personnel were recruited, 4,519 doctors promoted and 164 basic health units made functional.

According to him, medicine availability improved from 46pc to 89pc, essential supplies at maternal and child health centres from 11pc to 86pc, emergency medicine availability to 94pc and basic maternal and child healthcare facilities from 4pc to 83pc. No polio case has been reported since Nov 2024.

**Metro train, other projects**

Outlining future plans, CM Bugti announced the Quetta People's Train Project would be upgraded into a metro-style rail service linking Sariab and Kuchlak. The government will expand the provincial fiber-optic network, activate markets and transport terminals. A scholarship plan for Balochistan's daughters would be launched on July 1.

He paid tribute to martyrs and announced a 10pc salary increase for counter terrorism department, anti-terrorist force and special operations wing personnel. Compensation for martyred security personnel was doubled, while compensation for civilian martyrs was increased by an additional Rs10 million, he added. —Saleem Shahid